| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ | | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید | |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آیۃ الکرسی کو دُرست تلفّظ اور روانی کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- آیۃ الکرسی کی اہمیت اور فضیلت جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو آیۃ الکرسی کی فضیلت سے آگاہ کرتے ہوئے بتائیں کہ یہ آیت اللہ تعالیٰ کی صفات اور اس کی قدرت و عظمت پر مبنی نہایت جامع آیت ہے۔

حضرت علی کرم اللہ وجھہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے "کہ جو شخص ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے گا اسے جنت میں داخل ہونے سے کوئی چیز نہیں روک سکتی۔ وہ مرتے ہی جنت میں چلا جائے گا اور جو کوئی رات کو سوتے وقت اسے پڑھے گا وہ اس کا پڑوسی اور آس پاس کے دوسرے گھر والے شیطان اور چور سے محفوظ رہیں گے۔" (شعیب الایمان۔ بیہقی)

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی پاک کتاب ہے اس کی تلاوت کے آداب بتائیں اور ترغیب دلائیں کہ قرآن مجید کی تلاوت کے دوران آداب کا خاص خیال رکھا جائے۔
- طلبہ سے آیۃ الکرسی کے پہلے حصے کی تلاوت سنیں۔ اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر ۴ کھولنے کی ہدایت دیں اور ان کو دوسرے حصے (مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ مَا خَلۡفَہُمۡ) کی تلاوت کر کے سنائیں دورانِ تلاوت طلبہ کو خاموش رہنے

اور توجہ اور ادب سے تلاوت سننے کی تاکید کریں۔

- طلبہ سے تعوذ اور تسمیہ پڑھوائیں اور دوسرے حصے کی آٹھ سے دس بار پڑھائی کروائیں تاکہ انھیں آیت ذہن نشین ہو جائے۔
- دورانِ پڑھائی دُرست تلفّظ اور الفاظ کی ادائی کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ ہر نماز کے بعد اور رات کو سونے سے پہلے آیۃ الکرسی کی تلاوت ضرور کریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

آیۃ الکرسی کے پہلے اور دوسرے حصے کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پڑھائی گئی آیۃ الکرسی زبانی سنیں۔ اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کے درمیان آیت زبانی یاد کرنے والے کا مقابلہ کروائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید |

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قرآن مجید کے پارہ ۱۹ تا ۳۰ کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔
- آیۃ الکرسی کی اہمیت اور فضیلت جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو آیۃ الکرسی کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ کریں۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی کرسی کا بھی ذکر آیا ہے جس کی وجہ سے اس آیت کو آیۃ الکرسی کہا جاتا ہے۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے گزشتہ روز تک پڑھائی گئی آیۃ الکرسی زبانی سنیں۔ اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- انھیں بتائیں آج ہم آیۃ الکرسی کے آخری حصے (وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ) کو زبانی یاد کریں گے۔
- طلبہ سے صفحہ نمبر ۴ کھلوائیں اور آخری حصے کی تلاوت پہلے خود کریں پھر طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ ہر لفظ کو ادب اور خصوصی توجہ کے ساتھ تلاوت کریں۔
- طلبہ کو تلاوت کے آداب کی دہرائی بھی کروائیں اور قرآن مجید کی تلاوت کی فضیلت سے آگاہ کریں کہ قرآن مجید کا ایک ایک حرف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں۔
- آیۃ الکرسی کے آخری حصے کی چار سے پانچ بار پڑھائی کروائیں۔ کمزور طلبہ پر خصوصی توجہ دیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ:** | **2منٹ** |

مکمل آیۃ الکرسی کی تلاوت کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **6منٹ** |

طلبہ سے آیۃ الکرسی کی فضیلت و اہمیت پوچھیں اور آیۃ الکرسی کی تلاوت زبانی سنیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

آیۃ الکرسی زبانی یاد کر کے گھر میں والدین یا کسی بڑے کو سنائیں۔

| | |
|---|---|
| **سرگرمی برائے طلبہ:** | **5منٹ** |

طلبہ سے آیۃ الکرسی کی فضیلت و اہمیت نے ان کی کاپیوں پر لکھوائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 2 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: آخرت | باب دوم: ایمانیات و عبادات<br>(الف) ایمانیات |
| --- | --- |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- عقیدۂ آخرت کے معنی و مفہوم کو سمجھ سکیں۔
- عقیدۂ آخرت کی اہمیت سے آگاہی حاصل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مار کر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** **5منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے عقیدے کا مطلب پوچھیں۔ انھی عقیدۂ آخرت کے مفہوم سے آگاہ کریں کہ مرنے کے بعد آنے والی زندگی پر یقین رکھنا عقیدۂ آخرت کہلاتا ہے۔ انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ عقیدۂ آخرت کے معنی و مفہوم اور اہمیت کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** **15منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر ۱۴ کھولنے کی ہدایت کریں اور سبق کے پہلے پیرا گراف کا متن درست تلفظ سے پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- تختہ تحریر پر 'آخرت' کے معنی ہیں بعد میں آنے والی۔ نمایاں کر کے لکھیں۔
- انھیں بتائیں یہ زندگی عارضی ہے ایک دن یہ دنیا اور اس میں موجود ہر چیز ختم ہو جائے گی۔ اس کے بعد انسان کو دوبارہ زندہ کیا جائے گا اور اسکے اعمال کے بدلے جزا و سزا ملے گی۔ یہ ہی عقیدۂ آخرت ہے۔
- قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

ترجمہ: وہ (اللہ) قیامت کے دن تم سب کو ضرور جمع کرے گا۔ (سورۃ النساء آیت: 87)

- طلبہ کو بتائیں اسلام میں جن باتوں پر ایمان لانے کا حکم دیا گیا ہے ان سے ایک آخرت ہے۔ آخرت کے دن پر ایمان لانا ہر مسلمان کے لیے لازمی ہے۔
- انھیں بتائیں اصل زندگی کا گھر آخرت کا گھر ہے اور دنیا ایک امتحان گاہ ہے یہاں اللہ تعالیٰ نے ہمیں آزمائش کے لیے بھیجا ہے کہ کون اللہ تعالیٰ کے بتائے احکامات پر عمل کر کے زندگی گزارتا ہے اور کون ان احکامات سے رو گردانی کرتا ہے۔ آخرت میں ہمیں ان تمام اعمال کی، جو ہم دنیا میں کر رہے ہیں جوابدہی کرنا ہو گی۔
- سبق میں آمادگی کے لیے طلبہ سے عقیدۂ آخرت کی اہمیت پر روشنی ڈالنے کے لیے کہیں۔
- طلبہ کو بولنے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ ان میں خود اعتمادی پیدا ہو سکے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| فانی | فا۔نی | فنا ہونے والی |
| عارضی | عا۔ر۔ضی | تھوڑی مدت کے لیے |
| قیام گاہ | قِ۔یام۔گاہ | ٹھہرنے کی جگہ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا پہلا سوال کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ دنیا میں کیے گئے اچھے اور نیکی کے کاموں کی فہرست بنائیں اور کاپی پر خوشخط لکھیں۔